04-11-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی کابینہ نے 2026-27 سے 2030-31 تک کے عرصہ کے لئے ''وکست بھارت انیشی ایٹیو فار اسٹیٹسٹیکل ٹرانسفارمیشن، اینالیٹکس اینڈ ریسرچ'' (VISTAR) اسکیم کو منظوری دے دی ہے۔

۲۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد کے این ٹی آر گراؤنڈس میں سری کرشنا صدر سملین جشن کمیٹی کے زیر اہتمام منعقدہ صدر سملین میں شرکت کی اور یادو برادری کو مبارکباد پیش کی۔

۳۔مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کانگریس قائد راہول گاندھی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ پارلیمنٹ میں مباحثوں میں حصہ لینے کے بجائے سوشل میڈیا پر سیاسی مسائل اٹھا رہے ہیں۔

اور

۴۔مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے اس سال بھی کریم نگر پارلیمانی حلقہ کے تمام سرکاری اسکولوں کے دسویں جماعت کے طلبہ کی بورڈ امتحانات کی فیس ادا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

KARIMNAGAR

مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے اس سال بھی کریم نگر پارلیمانی حلقہ کے تمام سرکاری اسکولوں کے دسویں جماعت کے طلبہ کی بورڈ امتحانات کی فیس ادا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اس سلسلہ میں تلنگانہ پرانتھا گورنمنٹ ٹیچرس اسوسی ایشن کے کریم نگر ضلع کے قائدین تروپتی راؤ اور جرتی نرسیا نے پانچ دن قبل ان کو ایک نمائندگی پیش کی تھی اور غریب طلبہ کو درپیش مالی مشکلات سے واقف کروایا تھا۔ بنڈی نے مثبت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے وعدہ کیا کہ وہ حلقہ کے سرکاری اسکولوں میں زیر تعلیم دسویں جماعت کے تمام 10 ہزار 959 طلبہ کی امتحانی فیس آئندہ دو سے تین دن میں ادا کریں گے۔

PTC/KMN

MULUGU

ریاستی وزیر سیتا اکا نے آج ضلع ملوگو کے دورہ کے دوران پولیس کانسٹیبل اور سب انسپکٹر کی ملازمتوں کے لئے تیاری کرنے والے بے روزگار نوجوانوں کی تربیتی کلاسوں کا معائنہ کیا۔انہوں نے امیدواروں سے بات چیت کی اور ان کے ساتھ دوپہر کا کھانا بھی کھایا۔اس موقع پر وزیر نے یقین دلایا کہ دیہی علاقوں کے نوجوانوں کو ابتدائی امتحانات میں کامیابی حاصل کرنے اور سرکاری ملازمتیں حاصل کرنے کے لئے حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔

Desk

OU

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے آج عثمانیہ یونیورسٹی کے احتجاجی نان ٹیچنگ عملہ سے ملاقات کرتے ہوئے ان کے احتجاج کی مکمل حمایت کی۔ملازمین مستقل ملازمتوں میں تقرر، اولڈ پنشن اسکیم پر عمل آوری اور بہتر طبی سہولتوں کی فراہمی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔رام چندر راؤ نے یونیورسٹی انتظامیہ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ ملازمین کے دیرینہ مسائل حل کرنے میں ناکام رہی ہے۔انہوں نے ملازمین کی معطّلی اور انہیں دھمکانے کے اقدامات فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ کیا۔انہوں نے حکام سے اپیل کی کہ وہ فوری طور پر ملازمین سے بات چیت شروع کرتے ہوئے ان کے مسائل حل کریں، ورنہ احتجاج میں مزید شدت پیدا کی جائے گی۔

Desk

KTR

سابق وزیر اور بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے سیری لنگم پلی سے تعلق رکھنے والے نئے افراد کی بی آر ایس میں شمولیت کا خیر مقدم کیا۔اس موقع پر انہوں نے چیف منسٹر ریونت ریڈی اور کانگریس حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور الزام لگایا کہ حکومت اپنے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے اور

زمینوں کی فروخت سے متعلق پالیسیاں بھی متنازعہ ہیں۔ کے ٹی آر نے حیدرا کے اقدامات پر بھی تنقید کی اور سرمایہ کاروں کو HILT پالیسی کے معاملہ میں خبردار کیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایک سال کے اندر کے سی آر دوبارہ چیف منسٹر کے عہدے پر واپس آئیں گے۔

Desk

HARISH RAO

بی آر ایس کے سینئر قائد ہریش راؤ نے مہیشورم گورنمنٹ میڈیکل کالج کے احتجاج کرنے والے طلبہ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے کانگریس حکومت پر الزام لگایا کہ وہ گزشتہ دو سال سے زائد عرصہ سے میڈیکل کالج کے طلبہ کو بنیادی سہولتیں فراہم کرنے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کالج میں برقی، پانی اور مناسب عمارتوں جیسی بنیادی سہولتیں بھی دستیاب نہیں ہیں۔ ہریش راؤ نے مطالبہ کیا کہ عہدیدار فوری طور پر تحریری تیقن دیں کہ طلبہ کو دو ماہ کے اندر تمام ضروری سہولتوں سے آراستہ کسی بہتر مقام پر منتقل کیا جائیگا۔

Desk

CRICKET:

نیوزی لینڈ کے شہر آکلینڈ میں آج کھیلے گئے پہلے ونڈے انٹرنیشنل کرکٹ میاچ میں ہندوستانی ٹیم نے نیوزی لینڈ کو پانچ وکٹوں سے شکست دے دی۔ انیشول کمبوج کی کفایتی بولنگ (2 وکٹ پر 22 رنز) اور ارشدیپ سنگھ کی چار وکٹوں کی شاندار کارکردگی کی بدولت ہندوستان نے نیوزی لینڈ کو 185 رنز پر آل آؤٹ کر دیا۔ بارش کے باعث ڈک ورتھ لوئس طریقہ کار کے تحت ہندوستان کو 32 اوورس میں 143 رنز کا ترمیم شدہ نشانہ دیا گیا۔ ہندوستان نے یہ نشانہ 22.4 اوورس میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ ویراٹ کوہلی نے 51 گیندوں میں تیز رفتار 74 رنز بنائے جبکہ شبھمن گل نے 37 رنز اسکور کئے۔ انیشول کمبوج کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

Desk

SADAR SAMMELAN

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد کے این ٹی آر گراؤنڈس میں سری کرشنا صدر سملین جشن کمیٹی کے زیر اہتمام منعقدہ صدر سملین میں شرکت کی اور یادو برادری کو مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر چیف منسٹر نے کہا کہ صدر تہوار تلنگانہ کے تمام عوام کے لئے خودداری اور وقار کی علامت ہے۔انہوں نے بتایا کہ ان کی حکومت نے صدر تہوار کو سرکاری تہوار کا درجہ دیا ہے اور اس کے انعقاد کے لئے 25 کروڑ روپے منظور کئے ہیں۔انہوں نے حیدرآباد کی ترقی میں یادو برادری کی تاریخی خدمات کا ذکر کیا۔انہوں نے یادو قائدین کو سیاسی نمائندگی فراہم کرنے، ذات پات کی مردم شماری اور یادگیری گٹہ میں گاؤ رکھشا کے پروگراموں سمیت حکومت کے مختلف فلاحی اقدامات کا بھی تذکرہ کیا۔یونت ریڈی نے یادو برادری کے حقوق کے تحفظ کا تیقن دیتے ہوئے موسیٰ ندی کے کناروں کی ترقی، میٹرو ریل کی توسیع اور فیوچر سٹی جیسے اہم ترقیاتی منصوبوں میں برادری سے تعاون کی اپیل کی۔

Desk

MEDAK

ضلع کلکٹر میدک پرتیما سنگھ نے ایل نینو کے اثرات کے باعث مستقبل میں پینے کے پانی کی امکانی قلت سے نمٹنے کے لئے ایک خصوصی ایکشن پلان کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے عہدیداروں کے ہمراہ سردانہ چیک ڈیم کا معائنہ کیا۔انہوں نے بتایا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے 42 کروڑ روپے کے صرفہ سے اہم چیک ڈیموں پر گرڈ سسٹم اور پائپ لائنیں قائم کی جائیں گی۔اس منصوبہ کے ذریعہ 33 مواضعات کے عوام کو روزانہ فی کس 55 لیٹر پینے کا پانی فراہم کرنے کو یقینی بنایا جائے گا۔

PTC/MDK

JANGAON

ضلع کلکٹر جنگاؤں سندیپ کمار جھا نے لنگالاگھن پور منڈل کے سری پورم گاؤں میں بائیو ریسورس سنٹر کا معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے قدرتی زراعت کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ کسانوں میں جیوامرتھم اور اگنی استرم جیسی ماحول دوست زرعی اشیا کی تیاری اور استعمال کے بارے میں شعور بیدار کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ پائیدار زرعی طریقوں کو زمینی سطح پر فروغ دینے کے لئے کسانوں کو ضروری رہنمائی فراہم کی جائے۔

PTC/JGN

SIDDIPET

ریاست کے اسپیشل چیف سکریٹری نوین متل نے ضلع سدی پیٹ کے منگول میں مشن بھاگیرتا واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کا معائنہ کیا۔اس دورے کا مقصد دیہی علاقوں میں معیاری پینے کے پانی کی سربراہی کو یقینی بنانا تھا۔انہوں نے فلٹر ہاؤس، لیبارٹری اور 75 ملین لیٹر گنجائش والے واٹر ریزروائر کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ پانی کی سربراہی پر مسلسل نظر رکھی جائے، کسی بھی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہونے دی جائے اور تکنیکی مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے۔

PTC/SDPT

PONGULETI

ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے تلنگانہ بھر میں اندرا ماہاؤسنگ اسکیم کے تحت مکانات کی تکمیل پر ''دیوالی اِن مائی اندرا ماہاؤس'' منانے کی اپیل کی ہے۔انہوں نے بتایا کہ اس اسکیم کے تحت 2 لاکھ 21 ہزار 500 مکانات کی رسم افتتاح مکمل ہوچکی ہے۔وزیر نے ریاستی وزیر سریدھر بابو کے ہمراہ میڑچل۔ملکاجگیری میں منعقدہ تقریب میں اس پروگرام کا پوسٹر جاری کیا۔انہوں نے اعلان کیا کہ ریاست کی چار اہم میونسپل کارپوریشنوں میں G+5 طرز کے اندرا ماٹاورس تعمیر کئے جائیں گے۔انہوں نے غریب مستحقین کو اسکیم کے تحت فنڈس کی شفاف انداز میں فراہمی کا تیقن دیا۔

Desk

NALGONDA

قومی انسانی حقوق کمیشن کے اسپیشل مانیٹر ڈاکٹر این بھٹا چاریہ نے ضلع نلگنڈہ کے عہدیداروں کی جانب سے پینے کے صاف پانی، صفائی اور طلبہ کی صحت کے لئے کئے جانے والے اقدامات کی ستائش کی ہے۔انہوں نے دوروزہ دورہ کے دوران مختلف علاقوں کا معائنہ کیا اور کلکٹریٹ میں فلوروسس سے متاثرہ علاقوں کی صورتحال کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے تمام علاقوں میں مسلسل پینے کے پانی کی سربراہی کو یقینی بنانے کا مشورہ دیا۔انہوں نے ایل نینو کے اثرات کے پیش نظر پانی کے ضیاع کو روکنے کے لئے ضروری اقدامات کرنے پر بھی زور دیا۔

PTC/NLG

KISHAN

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کانگریس قائد راہول گاندھی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ پارلیمنٹ میں مباحثوں میں حصہ لینے کے بجائے سوشل میڈیا پر سیاسی مسائل اٹھا رہے ہیں۔انہوں نے مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کی جانب سے ایس آئی آر اور ای وی ایم کے مسئلہ پر پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس طلب کرنے کی تجویز کا حوالہ دیا۔کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ اپوزیشن قائد ایسے پارلیمانی اجلاسوں میں مباحثوں سے گریز کرتے ہیں جن میں وزیراعظم ایوان سے خطاب کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ٹوئٹر پر رائے شماری کروانا سیاسی مایوسی کی علامت ہے۔کشن ریڈی نے راہول گاندھی سے اپیل کی کہ وہ پارلیمنٹ کے آئندہ سرمائی اجلاس میں تعمیری انداز میں مباحثوں میں حصہ لیں۔

Desk

WARANGAL

ورنگل شہر میں زیرزمین ڈرین نظام کی منظوری کے بعد مرکزی وزارت شہری ترقی کے ایڈیشنل سکریٹری ڈی تارا نے آج نئی دہلی سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اس منصوبہ کا تکنیکی جائزہ لیا۔اس موقع پر گریٹر

ورنگل میونسپل کارپوریشن کے کمشنر ٹی وینکنا نے منصوبہ کی تکنیکی تفصیلات سے واقف کروایا۔ انہوں نے بلدیہ کی آمدنی میں اضافہ کرنے کے لئے اختیار کی جانے والی حکمت عملیوں کی بھی وضاحت کی۔

desk

GUTHA

تلنگانہ قانون ساز کونسل کے چیرمین گوتھا سکھندر ریڈی نے ایل نینو کی صورتحال کے پیش نظر عوامی مفادات کے تحفظ کے لئے عہدیداروں کو ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے ضلع نلگنڈہ کے نکریکل میں منعقدہ شعور بیداری سمینار سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ اس موقع پر بھونگیر کے رکن پارلیمنٹ کرن کمار ریڈی اور ضلع کلکٹر چندر شیکھر بھی موجود تھے۔ سکھندر ریڈی نے پینے کے پانی، زراعت اور برقی سربراہی کے انتظامات پر خصوصی توجہ دینے کی اپیل کی اور کسانوں کو مشورہ دیا کہ وہ یاسنگی کے موسم میں زیادہ پانی استعمال کرنے والی فصلوں کی کاشت سے گریز کریں۔

PTC/NLG

RAJANNA SIRCILLA

ضلع کلکٹر گریما اگروال نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ حکومت کی فلاحی اسکیموں کے فوائد تمام اہل درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کے مستحقین تک پہنچائے جائیں۔ انہوں نے کلکٹریٹ میں منعقدہ ویجلنس اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم اور روزگار سے متعلق سرکاری اسکیموں کے بارے میں عوام میں شعور بیدار کیا جائے۔ انہوں نے ہر ماہ سیول رائٹس ڈے منعقد کرنے اور مظالم کا شکار افراد کو جلد انصاف فراہم کرنے کے لئے ضروری اقدامات کرنے کی بھی ہدایت دی۔

PTC/RS

CABINET VISTAR

مرکزی کابینہ نے 2026-27 سے 2030-31 تک کے عرصہ کے لئے ''وکست بھارت انیشی ایٹیو فار اسٹیٹسٹیکل ٹرانسفارمیشن، اینالیٹکس اینڈ ریسرچ'' (VISTAR) اسکیم کو منظوری دے دی ہے۔ اس اسکیم کے لئے 4 ہزار 371 کروڑ روپے سے زائد رقم مختص کی گئی ہے۔ اس کا مقصد ڈیجیٹل ٹکنالوجی، مصنوعی ذہانت پر مبنی ڈیٹا اور بہتر انتظامی نظام کے ذریعہ ملک کے سرکاری شماریاتی نظام کو جدید بنانا ہے۔ اس کے علاوہ مرکزی کابینہ نے اہم معدنیات کی پروسیسنگ کو فروغ دینے کے لئے کیپٹل ایکسپنڈیچر سپورٹ اسکیم کو بھی منظوری دی ہے۔ اس اسکیم کے تحت پانچ سال کے دوران 2 ہزار 814 کروڑ روپے خرچ کئے جائیں گے۔ اس کا مقصد ملک میں اہم معدنیات کی پروسیسنگ کی سہولتیں قائم کرنا، سپلائی چین کو مستحکم بنانا اور درآمدات پر انحصار کم کرنا ہے۔

NSD

FAST TRACK COURTS

مرکزی کابینہ نے فاسٹ ٹریک اسپیشل کورٹس اسکیم کو مزید پانچ سال تک جاری رکھنے کی منظوری دے دی ہے۔ اس میں خصوصی پوکسو عدالتیں بھی شامل ہیں۔ یہ اسکیم یکم اپریل 2026 سے 31 مارچ 2031 تک جاری رہے گی۔ اس کے لئے 3 ہزار 788 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اس اسکیم کے تحت ملک کی مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں 850 فاسٹ ٹریک اسپیشل عدالتیں قائم رہیں گی جن میں خصوصی پوکسو عدالتیں بھی شامل ہیں۔ ہر عدالت میں ایک مخصوص جوڈیشل آفیسر، اسپیشل پبلک پراسیکوٹر اور چھ معاون عملہ تعینات کیا جائے گا۔ اس اسکیم کا مقصد عصمت دری اور بچوں کے جنسی جرائم سے تحفظ کے قانون پوکسو ایکٹ 2012 کے تحت درج زیر التوا مقدمات کی جلد سماعت اور یکسوئی کو یقینی بنانا ہے۔

NSD

JAGTIAL

ضلع جگتیال نے ایچ آئی وی اور ایڈس کی روک تھام کے پروگراموں میں بہترین کارکردگی پر قومی اور ریاستی سطح کے پانچ ایوارڈس حاصل کئے ہیں۔ ضلع پروگرام آفیسر ڈاکٹر سرینواس نے بتایا کہ نیشنل ایڈس کنٹرول آرگنائزیشن اور تلنگانہ اسٹیٹ ایڈس کنٹرول سوسائٹی کی جانب سے ضلع کو ''سرکشت'' کا درجہ دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایچ آئی وی سے متاثرہ افراد کے علاج میں 95-95-95 کے اہداف حاصل کرنے اور مسلسل اے آر ٹی طبی سہولتیں فراہم کرنے پر یہ اعزاز حاصل ہوا ہے۔ ضلع کلکٹر ڈاکٹر بی ستیہ پرساد نے اس کامیابی پر محکمہ صحت کے عملہ کو مبارکباد دی۔

PTC/JGL

CABINET – AGNIVEERS

مرکزی کابینہ نے اگنی ویروں کی مدتِ ملازمت میں دو سال کی توسیع کو منظوری دے دی ہے۔ اس سے قبل اگنی ویروں کو چار سال کی مدت مکمل ہونے کے بعد ملازمت سے سبکدوش ہونا تھا۔ نئی دہلی میں مرکزی کابینہ کے اجلاس کے بعد میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل این ایس راجا سبرامنیم نے بتایا کہ کابینہ نے تمام اگنی ویروں کو فوج میں برقرار رکھنے کا راستہ تیار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگنی ویروں کا پہلا بیچ اب اپنی چار سالہ مدتِ ملازمت مکمل کرنے کے قریب ہے۔ پہلے کے نظام کے تحت 25 فیصد اگنی ویروں کو میرٹ کی بنیاد پر مستقل فوج میں شامل کیا جانا تھا۔ جنرل راجا سبرامنیم کے مطابق، نئی پالیسی کے تحت باقی 75 فیصد اگنی ویروں کو مزید دو سال تک فوج میں خدمات انجام دینے کا موقع دیا جائے گا۔

NSD

○○